# انجمن ہمدردی اسلامی لاہور

یہہ وہی انجمن اشاعۃ اسلام ہے جسکی اول تجویز ضمیمہ اشاعۃ السنہ نمبر ۹ جلد ۳ مین ہوئی تہی پہر ضمیمہ نمبر (۱۰) مین ایک جز بہر کی تحریر اسمین ہوئی تہی اور اسمین عامہ اہل اسلام کو اس انجمن کے قایم کرنے کی رغبت دلائی گئی تہی - پہہ ضمیمہ نمبر ۱۲ جلد ۴ بابت دسمبر ۱۸۸۱ء مین اسکے قایم ہو جانیکی خبر مشتہر کی گئی - اسکے بعد پہر اسکی کوئی خبر و کیفیت اشاعۃ السنہ مین درج نہ ہوئی (گو اور اخبارات مین جیسے اخبار عام - اخبار انجمن پنجاب وغیرہ مین اسکی کارروائیون کی اشاعت ہوتی رہی) اس سے ناظرین اشاعۃ السنہ (جو اردو اخبارات کو نہین دیکہتے) متعجب ہو کر کہتے ہونگے - کہ وہ انجمن کیا ہوئی سو گئی - یا اس نے عدم کی راہ لی - پہر کبہی اسکی آواز نہ نکلی - مگر حقیقت مین نہ وہ انجمن راہی عدم ہوئی نہ اس اثنا مین وہ کبہی سوئی ہے بلکہ آہستہ آہستہ وہ اپنا کام کرتی رہی ہے - اس سال مین اس نے وہ کام نمایان کئے ہین جنکو سنکر شایقین قدر شناس بے اختیار کہہ اٹہین ع آفرین باد برین ہمت مردانہ تو - ہمنے ان کارروائیون کو اس خیال سے مشتہر نہین کیا تہا کہ اس انجمن کو استحکام ہو لے تب ہی اسکی کارروائیون کی اشاعت عمل مین آوے بدون استحکام ایک چیز کو شہرت دینا پہر اسکے تنزل پر افسوس ظاہر کرنا موجب شماتت اعدا ہوتا ہے اب بحمد اللہ اس انجمن نے خوب پاؤن جما لئے ہین اسلئے ہم بہی اسکی کارروائیون کی اشاعت کیطرف متوجہ ہوئے ہین - انشاء اللہ نمبر آیندہ مین (جو جلد پنجم کا پہلا نمبر ہوگا اور وہ عنقریب شایع ہونیوالا ہے) اسکی کارروائیون کو ہم مشتہر کرینگے -